Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ صفر سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء | جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر نشان	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت انسپکٹر چونگی ریلوے۔	۱
۲	موقوفی و تنزل اہلکاران پولیس	۲
۳	ایضاً	۲ و ۳
۴	رخصت امین نزول	۳
۵	عارضی ترقی و عہدہ علی احمد خان	۶
۶	اعلان کتب جدید الطبع	۴
۰	نقشہ بارش نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حسب حکم اجلاس صاحب ممدوح سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب۔ حبیب اللہ خان انسپکٹر ریلوے چونگی کی رعایتی رخصت یکماہ بغرض ہردوار گی الہ آباد و لکھنؤ وغیرہ ۵ ستمبر سنہ حال سے منظور کی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۳۰ اگست ۱۹۲۴ء

بمقدمہ کاغذات تحقیقاتی انسپکٹر صاحب شہر بشکایت فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل چوکی پاکھر بابت لوانے نام از اچھن شیخ مدعی بمقدمہ دفعہ ۳۴۲ تعزیرات ہند سمیان بین خان و محمد نبی خان ساکنان باجوری ٹولہ کا و لینا رقم ناجائز بارہ روپیہ عہ نامبردگان سے وبند کرنا نیز حوالات تھانہ گنج مین و شکایت سردار ولی خان سب انسپکٹر و محمد فیاض خان ہیڈ کانسٹبل تھانہ گنج تفتیش کنندہ بمقدمہ ۳۴۲ تعزیرات ہند مذکورہ بابت ہونے علم نسبت بند ہونے سمیان بین خان و محمد نبی خان مذکورہ اندر حوالات تھانہ گنج و انکار کرنے از حوالات سمیان مذکور فیاض خان ہیڈ کانسٹبل و سب انسپکٹر کا - مع تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بتجویز سزاے مفصلۂ تحت -

فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل پر چار ماہ کے لئے عہ ماہوار تنزل -

سردار ولی خان سب انسپکٹر پر صہ جرمانہ -

فیاض خان ہیڈ کانسٹبل پر سے جرمانہ

کاغذات مسلک ملاحظہ ہوئی - واقعہ مختصر یہ ہے کہ سمیان بین خان و محمد نبی خان ساکنان باجوری ٹولہ نے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کو درخواست بابت شکایت فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل دی جسکی تحقیقات ذریعہ انسپکٹر صاحب شہر کرائی گئی انسپکٹر صاحب شہر کی رپورٹ سے شکایت فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل دو نسبت لوانے نام از اچھن شیخ مدعی بمقدمہ ۳۴۲ تعزیرات ہند بین خان و محمد نبی خان و لینا رقم ناجائز بارہ روپیہ عہ نامبردگان سے ثابت ہے - انسپکٹر صاحب شہر نے یہ بھی لکھا ہے کہ فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل جبسے چوکی پاکھر پر تعینات ہوا ہے اسکا طرز عمل خراب دیکھا جاتا ہے - نیز ہر دو اشخاص مذکورہ کا حوالات مین بند کیا جانا بھی شہادت سے ثابت ہے لیکن سب انسپکٹر انچارج گنج و حافظ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل حوالات مین بند کرنے سے انکاری ہین انسپکٹر صاحب شہر نے تحریر کیا ہے کہ سب انسپکٹر انچارج گنج و فیاض خان ہیڈ کانسٹبل تفتیش کنندہ بمقدمہ ۳۴۲ تعزیرات ہند حوالات مین رہنے سے لاعلم ہون ناممکن ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے اپنے نوٹ ۲۹ اگست سنہ حال مین جو سزا نسبت فضل النبی خان و حافظ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل و سردار ولی خان سب انسپکٹر انچارج تجویز کی ہے وہ کم ہے اور انمین کسیقدر ترمیم کی ضرورت ہے -

حافظ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل کی شکایت مین ایک درخواست بھی تھانہ بلاسپور کی زیر پیشی ہے جسمین فیاض خان ہیڈ کانسٹبل نے رقم ناجائز موضع بارہ دری سے حاصل کی تھی اور صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء کو تحریر کیا ہے کہ "حافظ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل پر جو الزام لگایا گیا ہے وہ بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے - اسنے رشوت بھی لی اور روزنامچہ مین نہین لکھا نہ ملزمان کا سرقہ مین چالان کیا - روپیہ ملزمان کا نشاندہی سے ملا تھا اگر یہ چاہتا تو مقدمہ چالان ہوتا اور سزا ہو جاتا - میرے نزدیک یہ ہیڈ کانسٹبل قابل ملازمت نہین ہے - اگر اسپر بہت ہی رحم کیا جاوے تو کانسٹبل درجہ اول کر دیا جاوے" - یہ مثل ابھی زیر پیشی ہے کہ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل کی یہ دوسری شکایت آئی ہے - لہذا بلحاظ حالات

حکم ہوا کہ

فیاض خان ہیڈ کانسٹبل بلحاظ شکایت سابقہ و حال برخاست کیا جاوے

فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل کا سترہ روپیہ عہ کے درجہ سے چھ ماہ کے لئے دس روپیہ عہ ماہواری کانسٹبلی پر تنزل کیا جاوے -

سردار ولی خان سب انسپکٹر کا ایک درجہ پانچ روپیہ صہ کا ایک ماہ کے لئے تنزل کیا جاوے لیکن وہ انچارج بدستور رہے - اُسکے اعمالنامہ مین اندراج کیا جاوے - احکام ضابطہ جاری ہون - بعد اجراے احکام کاغذات ہذا بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو -

[illegible]

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۳۰ اگست ۱۹۲۴ء

بمقدمہ کاغذات تحقیقاتی انسپکٹر صاحب حلقہ بشکایت محمد فیاض خان ہیڈ کانسٹبل بابت رشوت ستانی از

موضع بارہ دری علاقہ بلاسپور و خراب کرنے مقدمہ
سرقہ و نہ کرنے چالان در شکایت احمد حسین خان سب انسپکٹر
انچارج بلاسپور بابت ہونے رازدار ہیڈ کانسٹبل مذکور و اخفا
کرنے واقعات مع تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بابت
تجویز سزائے تنزل و برخاستگی ہیڈ کانسٹبل و سزائے جرمانہ
پانچ روپیہ بر سب انسپکٹر انچارج ۔

کاغذات شکایہ ملاحظہ ہوئے ۔ مِسل میں رپورٹ تحقیقاتی انسپکٹر صاحب حلقہ معروضہ ۲۶ مارچ سنہ حال و نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مورخہ ۳۰ مارچ سنہ حال مفصل شامل ہے ۔ واقعات کے اعادہ کی ضرورت نہیں ۔ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل نے موضع بارہ دری تحصیل بلاسپور سے رشوت لی بمقدمہ سرقہ کا خراب کیا ۔ چالان نہیں کیا ۔ تحصیل سے کاغذات بسلسلۂ تحقیقات مال چلی جس پر تحصیلدار بلاسپور نے پولیس کا تفتیش کرنا اجمالی طور پر کیا ۔ سب انسپکٹر انچارج احمد حسین خان سے دریافت کیا گیا تو نفس معاملہ کو احمد حسین خان سب انسپکٹر نے بالکل غلط ظاہر کیا ۔ اور اس کا تذکرہ بے اصل لکھا جب انسپکٹر صاحب حلقہ کے سپرد تحقیقات اجلاس سے ہوئی انسپکٹر صاحب حلقہ نے مفصل واقعات کا اظہار کیا ۔ جس سے قصور واری فیاض خان ہیڈ کانسٹبل ثابت ہوئی ۔ اور سب انسپکٹر ہیڈ کانسٹبل کا رازدار بنا رہا اور واقعات کا اخفا کیا ۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے ابھی حال میں معائنہ تھانہ بلاسپور کا کیا ۔ انہیں بھی شکایت سب انسپکٹر انچارج تحریر کی تھی ۔ چونکہ فیاض خان ہیڈ کانسٹبل کی نسبت دوسرے کاغذات پر حکم برخاستگی دیا گیا ہے سب انسپکٹر انچارج بلاسپور کے متعلق صدور حکم مناسب کی ضرورت ہے ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بقصور مندرجہ احمد حسین خان سب انسپکٹر کا ایک درجہ پانچ روپیہ کا چھ ماہ کے لئے تنزل کیا جائے ۔ چھ ماہ تک احمد حسین خان بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی پچیس روپیہ تنخواہ پائے ۔ اور تھانہ بلاسپور سے افسردہی پر دوسرے تھانہ مین تبدیل کیا جائے ۔ اور چند ماہ کے لئے ابو شمس الدین سب انسپکٹر تھانہ بلاسپور مین انچارج کیا جائے ۔ ابو شمس الدین سب انسپکٹر کو اچھی طرح فہمایش کیا جائے کہ مستعدی اور ایمانداری سے کام انجام دے ورنہ بصورت شکایت حکم مناسب دیا جائیگا ۔ احکام ضابطہ جاری ہو کر اصل مِسل بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو ۔

[illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست و تحصیلدار صاحب حضور تحصیل منشی اعجاز حسین خان امین نزول حضور تحصیل مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہواری مزید رخصت چار ماہ یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء سے بانتظام سابقہ یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار لیاقت حسین عوض کو اور پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس منشی سید محمد حسن محرر نزول کو ملینگے ۔ منظور کی گئی ۔

ترقی و عہدہ

۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بسلسلہ تنزلی فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل مسمی علی احمد خان کلرک نو روپیہ ماہوار کے چھ روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر پندرہ روپیہ ماہوار کا ہیڈ کانسٹبل چند ماہ کے لئے تا ختم مدت تنزلی فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل کیا گیا اور جو الاؤنس تین روپیہ ماہوار علی احمد خان پا رہا تھا وہ بند کیا گیا ۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے۔ اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے۔

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے متفرقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل شعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔

قیمت علاوہ محصول ڈاک ۲/ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ اگست لغایت ۵ ستمبر ۱۹۲۴ء

تاریخ و دن	صدر رامپور		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان	تعداد	میزان
۳۰ اگست ۱۹۲۴ء یوم شنبہ	۱	۲۵۰½	۰	۳۰۹	۲	۲۲۶	۰	۱۸۲	۰	۲۲۵	۰	۱۹۷
۳۱ ،، ،، یکشنبہ	۰	۲۵۰½	۰	۳۰۹	½	۲۲۶½	۰	۱۸۲	۰	۲۲۵	۰	۱۹۷
یکم ستمبر ،، دوشنبہ	۴	۲۵۴½	۱	۳۱۰	۳½	۲۳۰	۰	۱۸۲	۲	۲۲۷	۰	۱۹۷
۲ ،، ،، سہ شنبہ	۱۰	۲۶۴½	۲	۳۱۲	۲	۲۳۲	۱۰	۱۹۲	۲۴	۲۵۱	۱۶	۲۱۳
۳ ،، ،، چہارشنبہ	۵۰½	۳۱۵	۲۳	۳۳۵	۲۶	۲۵۸	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۲۵	۳۷۶	۳۳	۲۴۶
۴ ،، ،، پنجشنبہ	۳	۳۱۸	نقشہ نہیں آیا	۰	۰۰	۲۵۸	،،	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰
۵ ،، ،، جمعہ	۱	۳۱۹	،،	-	نقشہ نہیں آیا	۰	،،	۰	،،	۰	،،	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۸ ستمبر ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ آثار	۷ ،،	۸ آثار	۸ آثار	۸۰ آثار	۸۰ آثار	
نخود خالص	۱۱ آثار		۱۲ آثار	۱۰۱۲ آثار	۱۰۱۴ آثار	۱۰۱۰ آثار	
نخود کسہ آمیز	۱۱۰ آثار		۱۳ آثار	۱۴ آثار	۱۰۱۳ آثار	[illegible]	
کسیر	۱۳ آثار		۱۳ آثار	۱۵ آثار	۱۰۱۴ آثار	۱۱ آثار	
جشنی	۷ آثار		۸ آثار	۱۰۶ آثار	۷ آثار	۸ آثار	
مونگ	۷ آثار		۸ آثار	۰	۰	۸ آثار	
مکا	۱۲ آثار		۰	۱۰ آثار	۱۱ آثار	۰	
جئی	۱۱۰ آثار		۰	۱۳ آثار	۱۴ آثار	۱۴ آثار	
کوجئی	۱۰ آثار		۰	۱۰ آثار	۰	۱۱ آثار	
عدس	۹ آثار		۰	۱۲ آثار	۰	۱۲ آثار	
ارہر	۱۳ آثار		۱۴ آثار	۱۲ آثار	۰	۱۲ آثار	
برنج	۵ آثار		۵ آثار	۱۴۰ آثار	۱۴۰ آثار	۱۴۰ آثار	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	۰ آثار	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]		۰	[illegible]	۱ آثار	[illegible]	
نمک سانبھر	۱۲ آثار		۱۱ آثار	۱۱ آثار	۱۱ آثار	۱۱ آثار	
نمک لاہوری	۵ آثار		۶ آثار	۵ آثار	۰	۷ آثار	
قند سیاہ	۵۰ آثار		۶ آثار	۶ آثار	۶ آثار	۷ آثار	
باجرہ	نرخ بازار		۰	۰	۰	۰	